facebook.com/ubqari

# سبز مرچیں اب جلدی
# خراب نہیں ہوں گی!



سبز مرچیں بہت جلد خراب ہوجاتی ہیں ان کو کچھ عرصہ محفوظ کرنا ہو تو ان کی ڈنڈیاں اُتار دیں، اس سے مرچیں کافی عرصے تک فریش رہیں گی۔

عبقری ®

facebook.com/ubqari

twitter.com/ubqari www.ubqari.org



عبقری

# دل کے ہاتھوں عاجز آج ہی انار لے آئیں

بے شمار لوگوں نے آزمایا آپ بھی آزمائیں اور پھر فائدے ضرور لکھیں تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے۔ contact@ubqari.org

انار کے بارے میں کی گئی ایک حالیہ تحقیق میں اسے دل کیلئے انتہائی مفید قرار دیا گیا ہے۔ سائنسدانوں نے کہا ہے کہ روزانہ انار کے رس کا ایک گلاس پینے سے دل کی بیماری کا خطرہ بڑی حد تک کم ہو جاتا ہے۔ ریم بم میڈیکل سینٹر حیفہ کے پروفیسر مائیکل ایویرنا نے بتایا کہ دیگر پھلوں کے جوسز اور سبز چائے کے مقابلے میں انار کے رس میں اینٹی آکسیڈنٹس کی مقدار کہیں زیادہ ہوتی ہے۔ میڈیکل سنٹر میں کی گئی تحقیق سے معلوم ہوا کہ انار کا جوس پینے والے افراد کے خون میں کولیسٹرول کے آکسیڈیشن کا عمل بہت سست تقریباً آدھا رہ گیا تھا جبکہ خراب کولیسٹرول کی مقدار بھی گھٹ گئی تھی۔ یہ وہی خراب کولیسٹرول ہے جو شریانوں میں چربیلے مادوں کی صورت میں جمع ہونے لگتا ہے جس سے خون کے بہاؤ میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے اور اس سے دل کی بیماریاں لاحق ہوتی ہیں۔ (ایس صادق آباد) عبقری میگزین جنوری 2010ء صفحہ 09

facebook.com/ubqari
www.ubqari.org youtube.com/UbqariTasbeehKhana /ubqari

عبقری میگزین اگست 2015 صفحہ 12




www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari

# برسات اور حبس میں مٹھے کا ساتھ

گرمی کی شدت سے موسم برسات میں اکثر قے، متلی محسوس ہوتی ہے جسے بروقت کنٹرول نہ کیا جائے تو بعض حالات میں ہیضے کی صورت اختیار کر لیتی ہے۔ ایسی صورت میں مٹھے کا استعمال بے حد مفید و موثر ثابت ہوا ہے۔ یہ نظام ہاضمہ کی بے قاعدگی کو ختم کرتا ہے اور اسے تقویت بخشتا ہے۔ بدہضمی کو دور کرتا ہے، گرمی کی وجہ سے خون میں جوش پیدا ہونے کے عمل کو کم کر کے جسم کی حرارت کو معتدل بناتا ہے، اسے گلے کی بیماریوں کیلئے بھی خاصا موثر پایا گیا ہے۔ یہ قوت بخش پھل ہے جو کہ گرم مزاج کے حامل افراد کیلئے مفید تصور کیا جاتا ہے۔ اس کے استعمال سے جسم میں موجود بلغم کے اخراج میں مدد ملتی ہے سرد اور صفراوی مزاج کے حامل افرد کیلئے یہ قدرے نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہے اس لئے کالی مرچ اور زیرہ کے ساتھ استعمال کرنا موزوں ہے۔ یہ گرمی سے پیدا ہونے والی پیاس کو بجھاتا ہے اور ہونٹوں کے پھٹنے کے عمل کو روکتا ہے۔ برسات کے بعد جب مختلف امراض سر اٹھاتے ہیں خاص طور پر بخار کی وبا پھیلتی ہوئی نظر آتی ہے تو ایسے میں گرمی کے بخار میں مٹھا قدرت کا ایک خاص تحفہ ثابت ہوسکتا ہے۔

facebook.com/ubqari

# کیا آپ کا بھی سر چکراتا ہے؟؟؟

میں ایک آزمودہ نسخہ امانت سمجھ کر عبقری کے قارئین تک پہنچا رہی ہوں۔ آزمائیں اور دعائیں دیں۔

اکثر لوگوں میں سر چکرانا ایک بیماری کی شکل اختیار کر جاتا ہے اس بیماری کے حل کیلئے ایک نہایت آسان اور بارہا کا آزمودہ نسخہ بہت مجرب ہے۔

**ھوالشافی:** ایک پاؤ دہی لیں اور اس میں سفید زیرہ ایک چھوٹا چائے کا چمچ مکس کر لیں۔ اگر چاہیں تو اس میں حسب ذائقہ تھوڑا سا نمک یا چینی ڈال سکتے ہیں بلڈ پریشر کے مریض نمک مت ڈالیں۔ یہ دہی خالی پیٹ استعمال کریں..... کم از کم ایک ہفتہ اور زیادہ جب تک جتنا چاہیں..... اس کا کوئی نقصان نہیں بلکہ اس سے معدہ بھی ٹھیک رہتا ہے۔ میری والدہ ہائی بلڈ پریشر اور السر کی پرانی مریضہ تھیں انکو بہت چکر آتے تھے بہت علاج کرائے لیکن ان کو شفا صرف اس نسخے سے ملی۔ (خ،ز)

بے شمار لوگوں نے آزمایا آپ بھی آزمائیں اور بتائیں ضرور لکھیں یہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ ہے۔

ماہنامہ عبقری میگزین اگست 2012، صفحہ 6

contact@ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
www.ubqari.org

ماہنامہ عبقری میگزین اگست 2008ء صفحہ 16



# بیماریوں کا علاج جامن سے!

جامن بھوک بڑھاتا ہے۔ خون کے جوش کو دور کرتا ہے۔ ذیابیطس (شوگر) کی بیماری میں متواتر استعمال کرنے سے بے حد فائدہ ہوتا ہے۔ تیزابیت کا خاتمہ کرتا ہے۔ خون کی کمی کو پورا کرتا ہے اور مصفی خون بھی ہے۔ پیشاب کی جلن میں انتہائی مفید ہے۔ معدے کے زخم اور آنتوں کے ورم اس کے استعمال سے ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ جامن چہرے کا رنگ نکھارتا ہے۔ رات کو سوتے میں منہ سے پانی بہنے کی شکایت کو دور کرتا ہے۔ سینے کی جلن کیلئے انتہائی مفید ہے۔ چہرے کے داغ، دھبے، چھائیاں، جامن کے شربت کے استعمال سے یا خالی جامن متواتر استعمال کرنے سے دور ہوتے ہیں۔ اگر دانتوں کی خرابی کی وجہ سے منہ سے بدبو آتی ہو تو جامن کھانے سے دور ہو جاتی ہے۔ جامن قابض ہوتا ہے۔ اسلئے اس پر نمک لگا کر استعمال کرنا چاہیے۔ جامن میں وٹامن سی بہت پائے جاتے ہیں۔ جن مریضوں کا معدہ کمزور ہو انہیں چاہئے کہ صبح ناشتے میں ایک پاؤ جامن کھائیں اس سے معدہ مضبوط ہوگا اور غذا جلد ہضم ہو جائے گی۔ آواز کو درست کرتا ہے اور گلے کو بھی صاف کرتا ہے۔ اگر پاؤں میں جوتے کا زخم ہو جائے تو جامن کی گٹھلی پیس کر لگانے سے جلد آرام آ جاتا ہے۔ جامن گرتے ہوئے بالوں کو روکنے کیلئے قدرت کا بہترین تحفہ ہے۔

عبقری

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# دنیا کا کوئی مرض ہو آدھے چمچ سے علاج

یہ بہت ہی بہترین اور انمول تحفہ عبقری قارئین کیلئے دے رہا ہوں' یہ نسخہ مجھے دہلی کے ایک بہت بڑے حکیم نے بڑی منت اور بہت زیادہ مشقت کے بعد دیا تھا۔ یہ میں نے بہت سے لوگوں پر آزمایا ہے۔ بالکل چھوٹا سا نسخہ ہے صرف تین اجزاء ہیں۔ سوڈا میٹھا' چینی اور ست پودینہ۔ نسخہ: سوڈا میٹھا پانچ تولہ لیں' چینی بیس تولہ اور ست پودینہ ایک تولہ لے کر آپس میں مکس کرلیں۔ جگر کا کوئی مسئلہ ہو' معدہ' دل' ہیپاٹائٹس' گیس' تبخیر' جگر سکڑ چکا ہو' مثانے کے مسائل' مثانے کی گرمی' الٹیاں' قے' بچوں کے دست' دل کی گھبراہٹ آپ بس آنکھیں بند کرکے دیتے چلے جائیں۔ مقدار خوراک آدھا چمچ بڑوں کیلئے۔ دن میں تین سے چار بار۔ صبح و شام بھی دے سکتے ہیں۔ بچوں کیلئے چٹکی، حسب ضرورت یا حسب طبیعت بھی دے سکتے ہیں۔

ماہنامہ عبقری میگزین دسمبر 2014ء ص 43

بے شمار لوگوں نے آزمایا آپ بھی آزمائیں اور پھر فائدے ضرور لکھیں تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے۔

عبقری®

facebook.com/ubqari

contact@ubqari.org twitter.com/ubqari www.ubqari.org



عبقری®

www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari

# انار کھائیں بھوک بڑھائیں!

انار کے دانے نکال کر ان پر نمک اور کالی مرچ کا سفوف چھڑک کر ان کا رس چوسنا پیٹ کے درد کی شکایت اور بھوک کی کمی میں بہت مفید ہے۔

facebook.com/ubqari

عبقری میگزین ستمبر 2016، صفحہ 12

عبقری®

# گنج پن دور کرنے کا نایاب نسخہ



محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! میں آپ کا رسالہ بڑے شوق سے پڑھتی ہوں۔ میرے پاس گنج پن دور کرنے کا ایک نایاب نسخہ ہے اور میں یہ نسخہ قارئین عبقری کو ہدیہ کررہی ہوں۔ ھوالشافی:۔ زیتون کا تیل ایک چمچ، شہد ایک چمچ اور دار چینی آدھا چمچ پسی ہوئی ملا کر متاثرہ جگہ پر لگائیں۔ کچھ عرصہ مسلسل استعمال سے نئے بال نکلنا شروع ہوجائیں۔ (ع،ن۔س)


facebook.com/ubqari

contact@ubqari.org

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# کچن سے دو اجزاء لیں اور کمر درد ہمیشہ کیلئے بھگائیں







ادرک کا رس آدھا چمچ، دیسی گھی آدھا چمچ مکس کر کے روزانہ ایک چمچ صبح و شام پینے سے پرانا کمر درد ٹھیک ہو جاتا ہے اور یہ ٹوٹکہ استعمال کرنے والا ان شاء اللہ آئندہ کے لیے کمر درد سے محفوظ رہے گا۔

facebook.com/ubqari

عبقری

Follow Us facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# بالوں کے تمام مسائل کیلئے لاجواب آئل

عبقری قارئین بالوں کیلئے یہ تیل بہت لاجواب ہے، ضرور آزمائیں اور دعائیں دیں۔ ایک پاؤ نیم کے پتے' ڈیڑھ پاؤ سرسوں کا تیل۔ طریقہ: نیم کے پتوں کو کونڈی میں ڈال کر اچھی طرح رگڑیں (پانی نہ ڈالیں) جب یہ چٹنی کی طرح بن جائے تو ایک کڑاہی میں چٹنی کی تہہ کو بچھا دیں، اس کے اوپر سرسوں کا تیل ڈال دیں، اب اس کو ہلکی آنچ پر رکھ دیں، جب نیم کی خوشبو آنے لگ جائے اور تیل کا رنگ نیم کے پتوں جیسا ہو جائے تو اتار کر اس کو چھان کر بوتل میں محفوظ کرلیں۔ طریقہ استعمال: نہانے سے تقریباً آدھ گھنٹہ پہلے اس تیل سے سر میں مالش کریں بعد میں نہالیں، نہانے کے بعد سرسوں کا تیل ہلکا سا بالوں میں لگالیں۔ اگر جسم پر کوئی پھوڑا پھنسی خارش ہے تو یہ تیل اس کے اوپر ملیں اور بعد میں نہالیں، یہ کینسر تک کے پھوڑوں کیلئے مفید ہے۔ آپ اسے پی بھی سکتے ہیں۔ (ط، ا فیصل آباد)

عبقری

عبقری میگزین جنوری 2014، صفحہ 25

بے شمار لوگوں نے آزمایا آپ بھی آزمائیں اور پھر فائدے ضرور لکھیں تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے۔ contact@ubqari.org









# لاجواب حافظے کیلئے شاندار ٹوٹکہ

کند ذہنی سے نجات کیلئے، پہلے دن صبح نہار منہ ایک بادام کی گری، دوسرے دن دو، تیسرے دن تین حتیٰ کہ 40 دن تک ایک ایک گری بڑھاتے جائیں۔ چالیسویں دن چالیس گریاں کھائیں۔ اکتالیسویں دن سے روزانہ ایک ایک گری کم کرتے جائیں حتیٰ کہ ایک گری تک واپس آجائیں۔ حافظہ لاجواب ہوجائے گا۔ بادام کو رات کو کچے مٹی کے برتن میں بھگوئیں، صبح بادام کو چھلکے اتار کر کھائیں۔

عبقری
facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org




# اونٹنی کے دودھ سے خطرناک امراض کا علاج

اونٹنی کا کچا دودھ آدھا کلو روزانہ نہار منہ پئیں' 80 دن تک لگاتار۔ ہیپاٹائٹس' گردوں اور پیشاب کی تکالیف، جگر کی ہر قسم کی بیماری اور شوگر کے لیے اللہ کے کرم سے سو فیصد فائدہ ہوگا۔ کھانا ہضم ہوگا' طاقت آئے گی۔ دودھ کچا ہی پینا ہے اونٹنی کا دودھ پینا سنت بھی ہے۔ یہ دودھ اگر ایک گھنٹے تک کھلی ہوا میں پڑا رہے تو اس میں کیڑے پیدا ہو جاتے ہیں۔ اس لیے کچے دودھ کو فریج میں رکھیں۔ (م،ص، سکھر)

ماہنامہ عبقری مئی 2013ء صفحہ 37

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org




# آملیٹ کھائیں گے؟

آملیٹ کو نرم اور پھولا ہوا بنانے کیلئے آملیٹ کے آمیزے میں دو چمچ دودھ ملائیں، پیاز باریک کاٹ کر ملائیں اور خوب پھینٹیں۔ آملیٹ نرم اور لذیذ بنے گا۔ عبقری میگزین اگست 2010 صفحہ 31

www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
youtube.com/UbqariTasbeehKhana

# آڑو کھائیں خون بڑھائیں!

جسم میں خون کی کمی دور کرنے کیلئے روزانہ صبح نہار منہ ایک عمدہ پکا ہوا آڑو اچھی طرح چبا کر کھائیں اور آدھے گھنٹے بعد ایک گلاس دودھ پی لیں' کچھ ہی عرصے میں چہرے پر سرخی جھلکنے لگے گی۔

ماہنامہ عبقری میگزین اگست 2012ء صفحہ 45



facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
www.ubqari.org
عبقری
facebook.com/ubqari
ubqari.org

# ہائی بلڈ پریشر کا فوری علاج

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! ہائی بلڈ پریشر کیلئے میرے پاس ایک لاجواب ٹوٹکہ ہے جو میں قارئین کی نظر کر رہا ہوں۔ آدھا گلاس دودھ میں آدھا گلاس پانی ملا کر 3 سانسوں میں پی جائیں۔ دودھ فریج والا ٹھنڈا ہو ورنہ عام کمرے والے درجہ حرارت کا بھی ہو تو ان شاء اللہ افاقہ ہوگا۔ (م ا۔ لاہور)




بے شمار لوگوں نے آزمایا آپ بھی آزمائیں اور پھر فائدے سے ضرور لکھیں
تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے۔ contact@ubqari.org

www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari



عبقری میگزین دسمبر 2009، صفحہ 42




# آدھا گلاس پانی اور بڑھا ہوا پیٹ اندر!

10 گرام اجوائن، 10 گرام سونف کو ایک گلاس پانی میں ڈال کر پکائیں، جب آدھا پانی رہ جائے تو اسے نیم گرم پی لیں۔ اسی ترکیب سے صبح و شام یہ اس ٹوٹکے پر عمل کریں۔ صرف چند دن کے استعمال سے نمایاں فرق ہوگا۔ سستا اور مجرب ہے۔ (ش، ح، خانیوال) (عبقری میگزین مارچ 2011ء صفحہ 35)

facebook.com/ubqari

www.ubqari.org facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari youtube.com/UbqariTasbeehKhana

بے شمار لوگوں نے آزمایا آپ بھی آزمائیں اور پھر ٹوٹکے ضرور لکھیں
تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے۔ contact@ubqari.org




twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# عیدالاضحیٰ میں جتنا جی میں آئے کھائیں!

عیدالاضحیٰ میں جتنا جی میں آئے کھائیں اور کھانے کے بعد تھوڑا سا گڑ (گڑ سفید نہ ہو براؤن یا بلیک ہو یعنی کیمیکل سے پاک ہو) کھالیں بدہضمی، تیزابیت، تبخیر، قبض، معدے کے امراض اور موٹاپا نہیں بڑھے گا۔

بے شمار لوگوں نے آزمایا، آپ بھی آزمائیں اور پھر فائدے ضرور لکھیں تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے- contact@ubqari.org



عبقری

# ناخنوں میں فنگس، انفیکشن کیلئے لاجواب ٹوٹکہ

عبقری میگزین جنوری 2014ء صفحہ 29

بے شمار لوگوں نے آزمایا آپ بھی آزمائیں اور پھر فائدے ضرور لکھیں
تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے- contact@ubqari.org
www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! بعض اوقات ناخنوں میں فنگس، انفیکشن (Fungus, Infection) ہوجاتی ہے اس کیلئے یہ میرا آزمودہ ٹوٹکہ ہے۔ میرا پورا ناخن اس وجہ سے اتر گیا تھا۔ میں نے فنگس انفیکشن کی کریمیں بھی بہت استعمال کیں لیکن فائدہ صرف وقتی ہوتا۔ پھر میں نے سرسوں کا تیل ڈراپر میں ڈال کر ناخن پر لگانا شروع کردیا جب بھی پاؤں دھوتی تو پاؤں خشک کرکے سرسوں کا تیل لگالیا کرتی تھی۔ کچھ عرصے کے بعد ہی میرا پرانا ناخن مکمل طور پر اتر کر نیا ناخن نکل آیا۔ میرے پہلے ناخن کا رنگ اور ساخت اتنی اچھی نہ تھی لیکن جب نیا ناخن نکلا تو وہ بہت ہی خوبصورت تھا جس کی وجہ سے میرے پاؤں کی خوبصورتی میں مزید اضافہ ہوگیا۔ انشاء اللہ جو بھی استعمال کرے گا اسے ضرور فائدہ ہوگا۔ (ش، لاہور)

facebook.com/ubqari

# اپنے سر پر اگائیں نئے بال!



سر پر جہاں گنجا پن ہو وہاں پر دھنیا کا رس لگانے سے سر کے بال آہستہ آہستہ اگنا شروع ہو جاتے ہے۔

facebook.com/ubqari
عبقری ®
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# معدے کے السر کا ٹھنڈا علاج

دودھ کو بغیر شکر کے سبز الائچی ڈال کر اُبال لیں اور فریزر میں ٹھنڈا کرلیں، اتنا ٹھنڈا کرلیں کہ برف بننے والا ہو، روزانہ ایک گلاس پیئیں، معدے کی تیزابیت، السر اور معدے کی جلن دور ہو جائے گی۔

ماہنامہ عبقری میگزین دسمبر 2014 ص 45

facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# ٹھہریں! تربوز کے فائدے سنتے جائیں!



- تربوز قبض کے مریضوں کیلئے بہت مفید ہے۔
- گرمی کی شدت اور لُو کے اثرات سے محفوظ رکھتا ہے۔
- معدے کی سوزش اور پیشاب کی جلن کو ختم کرتا ہے۔
- تربوز نہ صرف پیاس بجھاتا ہے بلکہ جسم کو توانائی اور فرحت بھی بخشتا ہے۔
- تربوز پیشاب آور ہے چنانچہ یہ گردے اور مثانے میں پتھری بننے کے عمل کو روکتا ہے۔
- تربوز کو اگر صبح نہار منہ استعمال کیا جائے تو جسم کو پورے دن جو پانی کی ضرورت ہوتی ہے اس سے پوری کی جاسکتی ہے۔
- تربوز میں گلوکوز وافر مقدار میں ہوتا ہے۔ اس لیے پانی میں گلوکوز پاوڈر ڈال کر پینے سے بہتر ہے کہ تربوز کو استعمال کیا جائے۔
- ہائی بلڈ پریشر کی صورت میں تربوز کھانے سے پیشاب زیادہ مقدار میں آتا ہے اسطرح بلڈ پریشر کم ہو جاتا ہے جبکہ لو بلڈ پریشر میں دل کو فرحت بخشتا ہے اور توانائی کے لیے گلوکوز فراہم کرتا ہے۔
- تربوز کھانے کے بعد معمولی سا نمک انگلی پر لگا کر چاٹ لیا جائے تو تربوز پیٹ میں پانی بن جاتا ہے اور پیٹ میں بھاری پن محسوس نہیں ہوتا۔

ماہنامہ عبقری میگزین اپریل 2008، صفحہ 30

عبقری®
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
www.ubqari.org



# صرف چند قطرے اور کان کے امراض سے چھٹکارا

بندہ کو چند سال سے کان کی تکلیف تھی۔ کان گیلا رہتا تھا اور میٹھی درد یا کھجلی ہوتی تھی جو کہ گھبراہٹ کا باعث بنتی تھی بہت سی کھانے والی اور کان میں ڈالنے والی دوائیں استعمال کیں فائدہ نہ ہوا۔ ایلوپیتھی اور یونانی قطروں کی دوائیں بھی لیں لیکن فائدہ نہ ہوا۔ میرے ایک عزیز نے کلونجی کے تیل کو دو ٹائم استعمال کرنے کی رائے دی۔ میں نے نیم گرم کلونجی کے تیل کے 2،2 قطرے صبح و شام کان میں ڈالنا شروع کر دیئے اور بیرون کن پٹی پر بھی اس تیل سے 5 منٹ مالش کرتا تھا، الحمدللہ اس سے مجھے کان کی تکلیف سے چھٹکارا مل گیا اور سماعت کی کمی بھی دور ہوگئی۔ (م،ق)

ماہنامہ عبقری میگزین جنوری 2007ء صفحہ 10

بے شمار لوگوں نے آزمایا آپ بھی آزمائیں اور پھر فائدے ضرور لکھیں تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے۔

عبقری
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari www.ubqari.org contact@ubqari.org
facebook.com/ubqari

# شوگر کے مرض کا آسان اور سستا علاج

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! آج سے 30 سال پہلے میرے والد صاحب ایک نیک سفر پر میر پور خاص گئے وہاں ایک ریٹائرڈ DSP سے ملاقات ہوئی، باتوں باتوں میں انہوں نے اپنے والد صاحب کا ایک آزمودہ نسخہ بتایا جو وہ شوگر کے لیے خود بھی استعمال کرتے تھے۔ ان کے والد صاحب کو کبھی کسی نے شوگر کی دوائی لیتے ہوئے نہیں دیکھا تھا۔ وہ یہی آسان سا نسخہ استعمال کرتے تھے۔

facebook.com/ubqari

ھوالشافی: بھوسا، پنجابی میں جسے توڑی کہتے ہیں جو بھینس اور گائے وغیرہ کو بطور چارہ کھلاتے ہیں۔ ایک چٹکی بھر (بھوسا) لے کر مٹی کے برتن میں تھوڑا پانی ڈال کر رات کو بھگو دیں اور صبح چھان کر نہار منہ پی لیں۔ ایک ہفتہ بعد شوگر ٹیسٹ کروائیں ان شاء اللہ بہت فائدہ ہوگا۔ بہت ہی لاجواب نسخہ ہے۔ والد صاحب نے جس کسی کو بھی بتایا بہت فائدہ ہوا۔ ایک عزیزہ کے بچے کو 500 تک شوگر تھی، اس کو بھی یہی نسخہ استعمال کروایا، اس کی شوگر چند دنوں میں کم ہو کر 250 تک رہ گئی۔ (م، ا، کراچی)

عبقری میگزین فروری 2009 صفحہ 35

بے شمار لوگوں نے آزمایا آپ بھی آزمائیں اور پھر فائدے ضرور لکھیں
تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے۔ contact@ubqari.org
www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari



عبقری ®

# گوری رنگت کے شیدائی متوجہ ہوں!



روزانہ دو چمچ دودھ میں آدھے لیموں کا رس نچوڑ کر چہرے، ہاتھوں اور بازو پر ملیئے، پندرہ منٹ بعد چہرہ دھولیں، رنگت نکھر آئے گی۔ ایک گلاس گاجر یا کینو کا جوس بھی روزانہ پیا کریں۔

عبقری®
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
www.ubqari.org

# ایک چٹکی دوا اور ہچکی ختم!

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! میں پیشے کے اعتبار سے ڈاکٹر ہوں میرے پاس ہچکی کیلئے ایک نہایت آزمودہ ٹوٹکہ ہے جو قارئین کی نذر کر رہا ہوں۔

هوالشافی: ریش ناریل (ناریل کے اوپر کے بال) لے کر توے پر جلالیں اچھی طرح جل جائیں تو دوائے ہچکی تیار ہے بس چٹکی بھر لے کر ہچکی والے کو چٹا دیں۔ ان شاءاللہ افاقہ ہوگا۔ (ایک ماشہ ہمراہ تازہ پانی کھلانا مفید ہے)۔

عبقری میگزین ستمبر 2012ء، صفحہ 34

facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari www.ubqari.org

بے شمار لوگوں نے آزمایا، آپ بھی آزمائیں اور پھر فائدے ضرور لکھیں
تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے- contact@ubqari.org



عبقری



# ہر طرح کے سر درد سے نجات کا انوکھا ٹوٹکہ!

ہر طرح کا سر درد، لو لگنے سے سر درد ہو تو پیاز کو پیس کر پاؤں کے تلوؤں پر لیپ کرنے سے درد ختم ہو جاتا ہے۔ پیاز کو کاٹ کر سونگھنے سے بھی سر درد ختم ہوتا ہے۔

بحوالہ ماہنامہ
عبقری میگزین

عبقری

facebook.com/ubqari
facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# تبخیر معدہ اور پیچش کیلئے آزمودہ

محترم حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! آپ کا شائع کردہ رسالہ ماہنامہ عبقری تقریباً عرصہ چار سال سے پڑھ رہا ہوں' آپ بہت احسن طریقے سے لوگوں کی رہنمائی فرما رہے ہیں' اللہ پاک آپ کو لمبی عمر عطا فرمائے۔ آمین! قارئین کیلئے ایک نسخہ تحریر کر رہا ہوں۔ **تبخیر معدہ اور پیچش کیلئے: ھوالشافی:** انار دانہ' چھلکا اسپغول' ہڑیڑ' طباشیر' سونف تمام چیزیں ہم وزن لے کر سفوف بنا کر صبح خالی پیٹ شربت انجبار کے ساتھ لیں۔ (محمد، ط، ف' مظفر گڑھ) (عبقری میگزین فروری 2015 صفحہ 31)



بے شمار لوگوں نے آزمایا، آپ بھی آزمائیں اور پھر فائدے ضرور لکھیں
تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے۔ contact@ubqari.org

www.ubqari.org

twitter.com/ubqari facebook.com/ubqari

youtube.com/UbqariTasbeehKhana

عبقری

# حافظہ، نظر اور دائمی نزلہ وزکام کیلئے نسخہ اکسیر

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! میرے پاس ایک آزمودہ نسخہ ہے۔ اس نسخے کے بہت سے فائدے ہیں۔ یہ نسخہ حافظہ کی کمزوری، کم سنائی دینا اور اس کے علاوہ دائمی نزلہ وزکام کو ختم کرتا ہے۔ حافظہ کو تقویت دیتا ہے۔ نگاہ کو تیز کرتا ہے' پرانے سردرد کیلئے مفید ہے۔ کھانسی اور ڈسٹ الرجی میں مفید پایا گیا ہے۔ یہ نسخہ ہر موسم اور ہر عمر کے لوگ استعمال کرسکتے ہیں۔ نسخہ یہ ہے۔ ھوالشافی: کالی مرچ پندرہ گرام' سونٹھ تیس گرام' مغز اخروٹ پچاس گرام' مغز پستہ سو گرام' مغز بادام سو گرام' مصری تین سو گرام۔ یہ تمام چیزیں کوٹ کر سفوف بنائیں اور چھان لیں۔ خوراک: صبح نہار منہ ایک چمچہ (دس گرام) پانی یا دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ (محمد ف ب' کوٹ ادو)



عبقری میگزین
اگست 2016، صفحہ 7

عبقری
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
www.ubqari.org

# ناف اور جگر کی گرمی کیلئے لاجواب نسخہ

میں عبقری میگزین کا قاری ہوں، اس جیسا شاندار میگزین آج تک نہیں دیکھا۔ قارئین کیلئے ایک لاجواب نسخہ بھیج رہا ہوں اسے عبقری میگزین میں شائع کردیں۔ سونف' دیسی اجوائن' میٹھا سوڈا' انار دانہ' چینی ایک ایک چھٹانک لیں۔ مندرجہ بالا سب چیزیں باریک پیس کر پھکی بنالیں۔ صبح نہار منہ ایک چٹکی پانی کے ساتھ لیں۔ گرمی' جگر اور ناف کیلئے اکسیر نسخہ ہے۔ (ع، ب' اٹک)

facebook.com/ubqari

twitter.com/ubqari www.ubqari.org

عبقری

عبقری میگزین جنوری 2010ء صفحہ 36




facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# لَو بلڈ پریشر کا کامیاب علاج

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! میں عبقری میگزین اور آپ کی کتب سے خوب مستفید ہوتی ہوں۔ کتب میں خاص طور پر ''مجھے شفاء کیسے ملی؟'' جو میں نے دفتر ماہنامہ عبقری سے خریدی تھی۔ اس نے میرا سب سے بڑا مسئلہ حل کردیا۔ مجھے لَو بلڈ پریشر کا مرض تھا' جس نے میرا جینا اجیرن کردیا تھا۔ اس میں سے ایک نسخہ استعمال کیا تو سو فیصد فائدہ ہوا۔ نسخہ یہ ہے:۔ ایک کپ گرم پانی میں ایک لیموں کا رس اور دو چائے کے چمچ شہد اور ایک چٹکی پسی ہوئی لونگ ملا کر گھونٹ گھونٹ پینا ہے۔ بے مثال نسخہ ہے۔ (ایس' اٹک)

بے شمار لوگوں نے آزمایا، آپ بھی آزمائیں اور پھر فائدے ضرور لکھیں
تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے۔ contact@ubqari.org



facebook.com/ubqari

# کھٹا دہی منٹوں میں میٹھا!

ایک برتن میں ململ کا کپڑا بچھا کر کھٹا دہی اس میں ڈال دیں پھر کپڑا اٹھا کر دہی ہلکا ہلکا دباتے جائیں جب دہی کا کھٹا پانی نکل جائے تو کسی برتن میں نکال لیں۔ اس میں تھوڑا سا دودھ ڈالیں اور چمچ سے ہلائیں دہی پھر سے میٹھا ہو جائے گا۔ (م، ا، ساہیوال)

عبقری میگزین اگست 2016، صفحہ 46



www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
عبقری

عبقری®

# اُلٹے پاؤں چلیں اور اپنی سب سے بڑی پریشانی بھگائیں!

اگر کان میں پانی چلا جائے تو کوئی دوا ہرگز استعمال نہ کریں بلکہ اُلٹے پاؤں چلیں، کان سے پانی نکل جائے گا (ان شاء اللہ)

facebook.com/ubqari
facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# سخت سے سخت قبض کیلئے آزمودہ ٹوٹکہ

سخت سے سخت قبض کیلئے یہ ٹوٹکہ بہت لاجواب ہے۔ ھوالشافی: ثابت اسپغول' سرسوں کے بیج ایک ایک چائے کا چمچ اور ایک چٹکی کلونجی، کھانے سے پہلے دن میں دو دفعہ پانی کیساتھ کھائیں۔ ان شاء اللہ صرف چند یوم ہی استعمال کرنے سے سخت سے سخت قبض کا خاتمہ ہو جائیگا۔ بہت مجرب اور آزمایا ہوا ہے۔ (م،ا)

عبقری میگزین ستمبر 2012، صفحہ 6

facebook.com/ubqari

بے شمار لوگوں نے آزمایا، آپ بھی آزمائیں اور پھر فائدے ضرور لکھیں
تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے۔ contact@ubqari.org

www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari

عبقری

# کیا آپ کمر درد سے نجات چاہتے ہیں؟؟؟





ایک چمچ لیموں کا رس، ایک چمچ لہسن کا رس، دو چمچ پانی، ان سب کو باہم ملا کر پئیں۔ ایسی ایک خوراک صبح اور ایک شام کو ضرور پیا کریں۔ اس نسخے سے کمر درد ٹھیک ہو جائے گا۔

عبقری

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org



# موٹاپے کیلئے نہایت آزمودہ نسخہ

اس نسخے سے موٹاپا ایسے دور ہو جیسے پانی سے پیاس

میتھرے کے بیج (جو اچار میں ڈالتے ہیں)، کلونجی، سبز چائے، چھلکا اسپغول ہموزن باریک کر کے آدھی چمچ دوائی دن میں 4 بار پانی کے ہمراہ چند ماہ استعمال کریں۔ موٹاپے کیلئے یہ نسخہ کمال کی چیز ہے۔ اس کے علاوہ جوڑوں کے درد، جسمانی درد اور جسمانی کمزوری کیلئے یہ نسخہ بہترین ٹانک ہے۔ بواسیر کے مریضوں کیلئے بھی مفید ہے اور دائمی نزلہ، زکام کیلئے تو یہ نسخہ بہت لاجواب ہے۔

ماہنامہ عبقری میگزین جون 2008ء صفحہ 6

عبقری
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
www.ubqari.org




# ایک چمچ سنگھاڑے کا آٹا اور شوگر نارمل

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! میری لیڈی ڈاکٹر مسز سرفراز (ایم بی بی ایس) جو کہ میرے بیٹے کی سسرالی رشتہ دار ہیں' سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے بتایا کہ ان کے پاس شوگر کے مریض آتے ہیں ان میں سے ایک مریض جس کی شوگر 400 تک ہوگئی تھی اس نے بتایا کہ اس کی شوگر صرف صبح کے وقت ایک چمچ سنگھاڑے کا آٹا دودھ کے ساتھ استعمال کرنے سے بتدریج کم ہوگئی۔ یعنی 400 سے 300 اور پھر 300 سے 200 حتیٰ کہ صحیح حالت پر آگئی۔ (خواتین کے پوشیدہ امراض کیلئے بھی یہ ٹوٹکہ لاجواب ہے)۔ (س، خ' راولپنڈی) عبقری میگزین جنوری 2011ء صفحہ 28

facebook.com/ubqari

بے شمار لوگوں نے آزمایا آپ بھی آزمائیں اور پھر فائدے ضرور لکھیں تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے۔ contact@ubqari.org

www.ubqari.org youtube.com/UbqariTasbeehKhana /ubqari

عبقری

# پرانے زخموں کیلئے آزمودہ لیپ





زیتون کا تیل 200 گرام، شہد 200 گرام، کلونجی 50 گرام
تیل اور شہد کو مکس کرلیں پھر پسی ہوئی کلونجی کو اس میں شامل کر کے
مرہم بنالیں یہ مرہم پرانے سے پرانے زخم اور خاص طور پر شوگر کے
زخموں کیلئے مفید ہے۔

بحوالہ ماہنامہ
عبقری میگزین

Follow Us facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org



# صرف ایک پھل کھا کر آپ دانوں سے چھٹکارا پا سکتے ہیں!

عبقری کے قارئین کیلئے ایک آزمودہ ٹوٹکہ حاضر ہے۔ ایسی خواتین اور مرد جن کے چہرے پر بہت موٹے پیپ والے دانے نکلتے ہیں اور وہ مہنگے مہنگے علاج کروا کروا کر تھک گئے ہوں لیکن دانے ہیں کہ کم ہونے کا نام نہیں لے رہے، ایسے خواتین اور حضرات کیلئے ایک بہت ہی لاجواب ٹوٹکہ حاضر خدمت ہے:۔ آپ روزانہ 3،4 کینو کھائیں۔ ایک ہفتے میں دانے کم ہونے لگیں گے اور پھر نکلنا بند ہو جائیں گے۔ نہایت ہی سادہ اور سستا ٹوٹکہ ہے۔ یہ ٹوٹکہ میں نے کئی خواتین و حضرات کو دیا اللہ نے سب کو صحت دی آپ بھی آزمائیں اور دعائیں دیں۔ (ن،م)

ماہنامہ عبقری میگزین نومبر 2014 ص 37

بے شمار لوگوں نے آزمایا آپ بھی آزمائیں اور پھر فائدے
ضرور لکھیں تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے۔

عبقری®

facebook.com/ubqari

twitter.com/ubqari www.ubqari.org

contact@ubqari.org



# دمہ کیلئے
# خاص الخاص نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم! میرے پاس دمہ کیلئے خاص الخاص نسخہ ہے یہ مجھے کسی سے ملا تھا میں نے جس کو بھی استعمال کروایا کامیاب پایا۔ آپ اسے عبقری میگزین میں چھاپ کر مخلوق خدا کیلئے عام کردیں۔

**نسخہ:** ادرک ایک پاؤ، پانی ایک پاؤ، اجوائن ایک چٹکی، شہد اصلی آدھا کلو۔

سب سے پہلے ادرک چھیل کر باریک پیس لیں اور ایک پاؤ پانی میں پکانا شروع کردیں کچھ دیر بعد باقی اشیاء بھی ڈال دیں۔ جب معجون کی طرح گاڑھا ہوجائے تو اتار لیں۔ خوراک دو چائے کے چمچ صبح اور دو رات کو لیں اس سے بلغم خارج ہوگا اور سینہ صاف ہوجائیگا۔ نوٹ: اس نسخے کو استعمال کرتے ہوئے کوئی دوسری دوا استعمال نہ کریں۔ (س، ا، روہڑی)

ماہنامہ عبقری میگزین مئی 2009، صفحہ 13

بے شمار لوگوں نے آزمایا آپ بھی آزمائیں اور تجربات ہمیں
ضرور لکھیں تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے۔

facebook.com/ubqari
contact@ubqari.org
twitter.com/ubqari
www.ubqari.org

# کسی بھی قسم کا بخار نزدیک نہیں آئیگا!

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! ایک نہایت لاجواب ٹوٹکہ عبقری قارئین کو ہدیہ کر رہا ہوں۔ ایک چمچ ساگودانہ گرم دودھ میں ڈال کر ڈھانپ دیں۔ 15 منٹ بعد چمچ سے ہلا کر پی لیں کسی قسم کا بخار قریب نہیں آئیگا۔ (م، ا، لاہور)

عبقری میگزین مارچ 2013 صفحہ 21



بے شمار لوگوں نے آزمایا آپ بھی آزمائیں اور پھر فائدے ضرور لکھیں
تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے۔ contact@ubqari.org
www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
عبقری®

# ذہین بننے کیلئے صرف چند دانے کھائیں!





حافظے کو بہترین بنانے کیلئے نہار منہ ایک چٹکی کلونجی (کم از کم گیارہ دانے) روزانہ کھائیں، حافظہ لاجواب ہو جائے گا۔

ماہنامہ عبقری میگزین ستمبر 2014 ص 27

Follow Us facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org
عبقری

# والدین یہ ٹوٹکہ ضرور پڑھیں!

اگر کوئی بچہ لوہے کی سوئی یا پھر کوئی باریک چیز نگل جائے تو اس کو فوراً
زیادہ سے زیادہ کیلے کھلانا مفید ہے' اس سے معدہ میں زخم ہونے سے
انسان بچ جاتا ہے۔ بعدازاں ڈاکٹر سے رجوع کریں۔

www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari

ماہنامہ عبقری میگزین جولائی 2016، صفحہ 8

بے شمار لوگوں نے آزمایا، آپ بھی آزمائیں اور پھر فائدے ضرور لکھیں
تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے۔ contact@ubqari.org

عبقری®

# سالہا سال پرانا درد 3 دن میں ختم



محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! ایک ٹوٹکہ عبقری قارئین کیلئے بھیج رہا ہوں اگر کسی کو فائدہ ہو جائے تو صدقہ جاریہ ہے۔ سالہا سال پرانا درد ہو (زخم نہ ہو)۔ دودھ آگ پر رکھیں اور اس میں اتنی مقدار میں نمک ڈالیں کہ وہ دودھ پھٹ جائے وہی سا بن جائے دو تین دفعہ درد والی جگہ پر رکھ کر باندھ دیں ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔ نہایت آزمودہ ٹوٹکہ ہے۔ (ج،ا)

contact@ubqari.org

عبقری

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# کمر درد کی اب چھٹی!

میرے پاس کمر درد کے مریضوں کیلئے ایک نہایت آسان نسخہ ہے جو میں قارئین کیلئے لکھ رہا ہوں۔ اسے عبقری میگزین میں شائع کردیں تاکہ میرے لیے صدقہ جاریہ بنے۔

ھوالشافی: کیکر کے پتے جو نئے نکلتے ہیں ان کو توڑ کر چھاؤں میں خشک کرلیں پھر ان کو کوٹ پیس کر سفوف بنالیں اور ایک چمچ پانی کے ساتھ لیں۔ کمر درد کے مریضوں کے لیے بہت ہی فائدہ مند ہے۔ (غ،م، مظفر گڑھ)

بے شمار لوگوں نے آزمایا آپ بھی آزمائیں اور پھر فائدے ضرور لکھیں
تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے۔ contact@ubqari.org

عبقری

عبقری میگزین ستمبر 2008، صفحہ 34




facebook.com/ubqari

twitter.com/ubqari www.ubqari.org

عبقری®



# آم کھانے کے شوقین

## ذرا ٹھہریں!

www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari

عبقری میگزین جولائی 2016 صفحہ 47

اگر آم کھانے کے بعد تھوڑے سے جامن کھا لیے جائیں تو آم کی گرمی زائل ہو جاتی ہے اور آم فوری ہضم ہو جاتا ہے۔

facebook.com/ubqari

# وزن بڑھانا اور گھٹانا اب کوئی مسئلہ نہیں!

اگر وزن زیادہ کرنا ہوں تو روزانہ کم از کم چھ کیلے کھائیں اور اوپر سے نیم گرم دودھ پئیں، ملک شیک ہرگز نہیں پینا اور اگر وزن کم کرنا ہوں تو اس کیلئے ایک چمچ شہد ایک گلاس نیم گرم پانی میں ڈال کر نہار منہ استعمال کریں۔

ماہنامہ عبقری میگزین جنوری 2014ء صفحہ 6





www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
عبقری



# اب درد قریب نہیں آئے گا!

میری عبقری کے قارئین کیلئے ایک آزمودہ ٹوٹکہ بھیج رہا ہوں، ضرور کریں اور دعاؤں میں یاد رکھیں۔ بدن کی دردوں، ٹانگوں اور گھٹنوں کے درد سے نجات کیلئے انڈیا کی ہلدی (جو صرف انڈیا کی ہو وہ عام پنساری کی دکان سے مل جاتی ہے) پیس کر کیپسول بھر لیں، ایک کیپسول صبح و شام پانی کے ساتھ لیں۔

بہت لاجواب ٹوٹکہ ہے۔ میں نے اپنے بیٹے اور بہت سے لوگوں کو استعمال کروایا اور بہت مفید پایا۔ (م، پ)

عبقری®
facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

سردی سے کانپتے اور ٹھٹھرتے افراد کیلئے

# سستا ترین طاقت ور ٹانک!



مونگ پھلی کے ساتھ گڑ کھانا کمزوری دور کرنے کیلئے بہت لاجواب ہے۔ جسمانی دردوں، طاقت کیلئے یا ایسے افراد جن کو سردی بہت زیادہ لگتی ہو ان کیلئے بہترین ٹانک ہے۔

ماہنامہ عبقری میگزین نومبر 2015

بے شمار لوگوں نے آزمایا آپ بھی آزمائیں اور پھر فائدے ضرور لکھیں تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے۔

عبقری®

facebook.com/ubqari

facebook.com/ubqari contact@ubqari.org

twitter.com/ubqari www.ubqari.org

ماہنامہ عبقری میگزین جنوری 2010ء صفحہ 38



# ہڈیوں کے فریکچر کیلئے ناقابل یقین نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! امید ہے کہ آپ اور میرے پیارے ماہنامہ ''عبقری'' کا پورا اسٹاف خیریت سے ہوگا۔ میں ایک نسخہ بھیج رہا ہوں جو کہ ایک بزرگ سے ملا ہے۔ ان کا سعودی عرب میں پسلی کا فریکچر ہوگیا تھا۔ انگلش میڈیسن وغیرہ سے مایوس ہو کر ایک مقامی طبیب سے یہ نسخہ لیا اور حیرت انگیز طور پر دو ہی دنوں میں غسل صحت کرلیا۔ تین دیسی انڈوں کی زردی نکال لیں اور اچار میں ڈالنے والے میتھرے ہموزن لے کر دونوں کو کوٹ کر مرہم بنالیں اور متاثرہ جگہ پر لیپ کر کے اوپر پٹی باندھیں، افاقہ ہونے تک روزانہ نمک ملے نیم گرم پانی سے متاثرہ جگہ کی صفائی کر کے پٹی بدلیں۔ (م،ر)

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# ایک چٹکی ہلدی اور خونی بواسیر

خونی بواسیر کے لیے ثابت ہلدی لیکر اسے موٹا موٹا پیس لیں۔ صبح نہار منہ ایک چٹکی تازہ پانی کے ساتھ کھائیں۔ آدھے گھنٹے کے بعد ناشتہ کریں۔ 7 دن میں تکلیف رفع ہو جائے گی (ان شاء اللہ)

ماہنامہ عبقری میگزین اپریل 2008ء صفحہ 24


facebook.com/ubqari

عبقری

twitter.com/ubqari www.ubqari.org




# صرف دو اجزاء اور ہر بیماری کا علاج





محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! ہم آپ کا رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ اس رسالے نے ہمارے بہت سے مسائل دنوں میں حل کر دیے ہیں۔ میں نے آپ کی ایک کتاب ''شہد کے کرشمات'' دفتر ماہنامہ عبقری سے خریدی میں نے اور میرے خاوند نے یہ نسخہ استعمال کیا ہمیں بہت زیادہ فائدہ ہوا جو میں قارئین کی نذر کرنا چاہتی ہوں۔ ھوالشافی: شہد اور دارچینی ہم وزن مکس کر لیں صبح و شام ایک ایک چمچ کھا لیں۔ نظر، پیٹ کا السر، پٹھوں کیلئے اتنا سستا اور کامیاب نسخہ کہیں نہیں ہوگا۔ الحمدللہ! اب ہمیں اور کسی دوائی کی ضرورت ہی نہیں پڑتی۔ (ش، س)

ماہنامہ عبقری دسمبر 2015

عبقری
facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# چھوٹے قد سے پریشان ہو جائیں حیران!

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! آپ پر اللہ پاک کی کروڑوں رحمتیں اور برکتیں نازل ہوں۔ اللہ پاک میرے مرشد کو، ان کی نسلوں کو اور ان کے مخلصین کو ہمیشہ شاد و آباد رکھے۔ (آمین)۔ محترم حضرت حکیم صاحب! قد بڑھانے کا یہ بہت آزمودہ عمل ہے' میری امی نے جس کسی کو دیا خاطر خواہ فائدہ ہوا۔

**ھوالشافی:** طاق اعداد میں کھجور لے کر اس کی گٹھلی نکال کر جتنا دودھ آپ آرام سے پی سکیں (ایک گلاس دودھ میں گیارہ کھجوریں لینی ہیں) ان کھجوروں کو دودھ میں گرائنڈ کر کے شیک بنالیں۔ صبح ناشتے سے پہلے اور شام کو بنا کر پئیں۔ انشاء اللہ ایک ماہ میں ہی فرق نظر آئے گا۔ (م، لاہور)

عبقری میگزین ستمبر 2016، صفحہ 46



بے شمار لوگوں نے آزمایا آپ بھی آزمائیں اور پھر فائدے سے ضرور لکھیں
تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے۔ contact@ubqari.org

facebook.com/ubqari

twitter.com/ubqari www.ubqari.org



# فوڈ پوائزن کا شکار لیں آزمودہ ٹوٹکہ!

اگر کسی کو فوڈ پوائزن ہو جائے تو ایک چمچ پیاز کا رس پی لیں اس سے ان شاء اللہ معدہ ٹھیک ہو جائے گا۔

facebook.com/ubqari

ماہنامہ عبقری میگزین مئی 2013ء صفحہ 42

عبقری
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
www.ubqari.org

عبقری

ناممکن روحانی مشکلات
لاعلاج جسمانی بیماریاں

بحوالہ ماہنامہ
عبقری میگزین

# پیشاب کی جلن کیلئے آزمودہ نسخہ!







پانچ عدد بادام کی گریاں بھگو کر، چھیل کر،
ان میں سات عدد چھوٹی الائچیاں اور
حسب ذائقہ مصری ملا کر پیس کر ایک گلاس
پانی میں گھول کر صبح اور شام کو پیا کریں۔
اس سے پیشاب کی جلن میں افاقہ ہوتا حاصل ہوتا ہے۔

Follow Us facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# لوز موشن کیلئے چھوٹا سا مگر تیر بہدف ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس لوز موشن کیلئے ایک آزمودہ ٹوٹکہ ہے۔ ایک پاؤ دہی میں ایک چمچ سرکہ ڈال کر رکھ دیں' تھوڑے تھوڑے وقفے سے ایک چمچ کھالیں تو لوز موشن جس میں انسان نڈھال ہوجاتا ہے اور کسی بھی چیز سے فرق نہ پڑ رہا ہو تو لوز موشن ٹھیک ہوجاتے ہیں۔ بہت تیر بہدف ٹوٹکہ ہے' ہمارے خاندان کا آزمودہ ہے۔ آزمائیں اور دعاؤں میں یاد رکھیں۔ (ص،ا)

facebook.com/ubqari

Follow Us facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

ماہنامہ عبقری میگزین

# ٹھنڈی ہوائیں، کپکپاتا جسم اور آسان گھریلو ٹوٹکہ

ٹھنڈی ہوا میں گھومنے کے باعث اگر سردی لگ جائے اور سر میں درد ہو تو ناک، کان، ناف اور تلوؤں پر نیم گرم سرسوں کا تیل لگائیں۔



Follow Us facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org
عبقری



عبقری

عبقری میگزین جنوری 2014ء صفحہ 30

# ہائی بلڈ پریشر کیلئے ٹافی

contact@ubqari.org

انار دانہ اور براؤن شکر ہموزن لیکر پیس کر ملالیں پھر تھوڑا پانی چھڑک کر عام سائز کی ٹافیاں بنالیں، ان ٹافیوں کو اکثر و بیشتر چوستے رہیں بلڈ پریشر ہائی نہیں ہوگا۔ نارمل رہے گا۔ بہت آزمودہ ہے۔ (س، ع، راولپنڈی)



# بیسن کے مزیدار لڈو
# ابھی بنائیں، ابھی کھائیں!

محترم حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! میں اکثر گھر میں ایک سویٹ ڈش بناتی ہوں' یہ بہت اچھی بیسن کی مٹھائی ہے اور ہر کوئی اپنے گھر میں اسے بنا سکتا ہے۔ ایک تو یہ جلدی بن جاتی ہے اور دوسرا مزیدار بھی بہت ہوتی ہے۔

اشیاء: بیسن ڈیڑھ کپ' انڈے آٹھ عدد' چینی ڈیڑھ کپ' ناریل دو کپ (ناریل کرش شدہ یعنی سوئیوں کی طرح لمبا کٹا ہوا) گھی حسب ضرورت' بادام پستہ وغیرہ (گارنشنگ کیلئے)۔ ترکیب: بیسن کو گھی میں بھون لیں' انڈے اور چینی پھینٹ لیں (چاہے تو گرینڈر میں ڈال کر گرینڈ کرلیں) جب بیسن خوشبو دینے لگے تو پھینٹے ہوئے انڈے اور چینی آہستہ آہستہ ڈالیں اور چمچ چلاتے جائیں۔ پھر کھوپرا اور بادام بھی کتر کر ڈال دیں۔ جب سب چیزیں بھن جائیں تو کسی ٹرے میں جما کر چاندی کے ورق لگا دیں اور ٹکڑیاں کاٹ لیں یا ہاتھ سے لڈو بنا کر رکھ دیں' گرم گرم یا دونوں طرح پیش کیا جا سکتا ہے۔ نوٹ: ناریل کے پیکٹ بازار میں عام مل جاتے ہیں ایک زیادہ پسا ہوا ہوگا لیکن دوسرا کرش شدہ سوئیوں کی طرح ہوگا وہ بہتر ہوگا۔ (ف' لاہور) (عبقری میگزین فروری 2015ء صفحہ 36)

عبقری
www.ubqari.org youtube.com/UbqariTasbeehKhana /ubqari
facebook.com/ubqari

# پیپ پڑنے کا آرام دہ علاج

انگلی یا جسم کے کسی حصہ میں پیپ پڑ جائے تو اس کیلئے ایک تولہ گندم لیکر اس کو پیس کر بکری کے دودھ میں کھیر بنا کر (نیم گرم)، پیپ پر باندھ دیں۔ پیپ خود بخود نکل کر زخم صاف ہو جائیگا' اگر بکری کا دودھ نہ ملے تو گائے کا دودھ استعمال کرلیں۔ (م، ا، ایبٹ آباد)

عبقری

عبقری میگزین اکتوبر 2012ء صفحہ 21

بے شمار لوگوں نے آزمایا آپ بھی آزمائیں اور پھر فائدے ضرور لکھیں تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے-contact@ubqari.org

www.ubqari.org

facebook.com/ubqari

twitter.com/ubqari




facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# جناب! یہ سیب کوئی معمولی چیز نہیں۔۔۔

روزانہ نہار منہ تین چار سیب جو عمدہ پکے ہوں کھا کر اوپر سے دودھ پیا جائے تو ایک سے دو مہینے میں صحت قابل رشک بن جاتی ہے۔ اعضائے رئیسہ کی تمام کمزوریاں دور ہو کر ان میں ایک نئی زندگی کی روح سرایت کرنے لگتی ہے۔ سیب ہاضمے میں مدد دیتا ہے۔ خالی معدہ سیب کھانا بھوک بڑھاتا ہے۔ رات کو سوتے وقت اور صبح نہار منہ چار سیب کھانا قبض کشا اثر رکھتا ہے اور اس کے علاوہ جگر کا فعل بھی تیز ہو جاتا ہے اور خون کی پیدائش کا عمل بڑھ جاتا ہے۔ لیکن کمزوری معدہ و جگر کو دور کرنے کیلئے میٹھے سیب کی بجائے کھٹا سیب زیادہ مفید ہے چونکہ سیب میں فاسفورس کا جزو پایا جاتا ہے جو دماغ، رگوں اور ہڈیوں کو مضبوط بناتا ہے۔ اس لئے دماغی کام کرنے والے اصحاب کے لئے سیب ایک نعمت خداداد ہے۔ اس میں فولاد بھی کافی پایا جاتا ہے جس کی وجہ سے یہ خون کے سرخ ذرات میں اضافہ کرتا ہے اور بدن کو سرخ وشاداب بنا دیتا ہے۔ ایک عدد سیب چاقو سے چھیل کر نمک لگا کر نہار منہ نوش فرما لیا کریں۔ تین چار یوم کے استعمال سے دردسر جاتا رہتا ہے۔ کچے سیب کا پانی نچوڑ کر قدرے نمک ملا کر پلائیں، اسی وقت قے بند ہو کر مریض کو شفاء حاصل ہوگی۔ خوبصورتی چاہنے والے نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں کیلئے اس سے بڑھ کر اور کوئی دوا نہیں کیونکہ اس کا باقاعدہ استعمال رخساروں پر سرخی لاتا ہے۔

عبقری میگزین ستمبر 2015، صفحہ 12

# چقندر کے حیرت انگیز فوائد!



سردیوں کے موسم میں چقندر ضرور پکانے چاہئیں۔ چقندر خون کی کمی کو دور کرتا ہے۔ تازہ خون بناتا ہے۔ قبض کو دور کرتا ہے۔ جن خواتین کے چہرے پر کیل مہاسے بہت نکلتے ہوں ان کیلئے مفید ہے۔ گومڑیاں، رسولیاں بھی اس سے دور ہوتی ہیں۔ یہاں تک کہ لیوکیمیا جیسے موذی مرض میں کچے چقندر کدوکش کر کے کھانا مفید ثابت ہوتا ہے۔ جن خواتین کو ایام کی خرابی کی شکایت ہو ان کو چقندر کھانے چاہئیں۔ چقندر کے پتوں میں غذائی اجزا زیادہ ہوتے ہیں۔ پالک سے زیادہ فولاد اور دیگر غذائی اجزاء چقندر کے اوپری حصہ میں پائے جاتے ہیں۔ جن لوگوں کو پتھری کی شکایت ہو انہیں زیادہ مقدار میں چقندر یا اس کے پتے نہیں کھانے چاہئیں اس میں اوگزیلک ایسڈ زیادہ ہوتا ہے۔ (عبقری میگزین دسمبر 2010ء صفحہ 09)

www.ubqari.org facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari youtube.com/UbqariTasbeehKhana

# غسل کریں اور لاجواب نیند پائیں!

اگر آپ کو بے خوابی کی شکایت ہو تو سونے سے ایک ڈیڑھ گھنٹہ پہلے نیم گرم پانی سے غسل کر لے۔ نہایت پرسکون نیند آئیگی۔

(عبقری میگزین اگست 2010، صفحہ 37)



www.ubqari.org

twitter.com/ubqari facebook.com/ubqari

youtube.com/UbqariTasbeehKhana

عبقری ®

عبقری®

# بلڈ پریشر، کولیسٹرول اور شوگر کے مریضوں کیلئے مزیدار چٹنی!

پودینہ، ادرک اور انار دانے کو ملا کر کوٹ کر اس کی چٹنی بنا کر دوپہر کے کھانے میں استعمال کریں، بلڈ پریشر، کولیسٹرول اور شوگر کیلئے نہایت مفید ہے۔

ماہنامہ عبقری مئی 2008 ص 34



facebook.com/ubqari
ubqari.org

# اگر قے آرہی ہو تو۔۔۔

خشک دھنیا کے تین چار دانے چبانے سے قے نہیں آتی، سبز دھنیا کے چند پتے چبانے سے بھی الٹی (قے) رک جاتی ہے۔

facebook.com/ubqari

عبقری میگزین دسمبر 2009 صفحہ 22



www.ubqari.org

twitter.com/ubqari facebook.com/ubqari

youtube.com/UbqariTasbeehKhana

عبقری®

# پیشاب کی جلن کا بہت آسان علاج

پیشاب کی جلن کو دور کرنے کے لئے صبح ناشتے سے ایک گھنٹہ پہلے اجوائن خراسانی کا سفوف ایک چمچہ چائے والا ہمراہ پانی کے ساتھ روزانہ دن میں ایک مرتبہ استعمال کریں پیشاب کی جلن کیلئے بہت بہترین ہے جب تک تکلیف دور نہیں ہوتی تب تک استعمال کریں۔



بحوالہ ماہنامہ
عبقری میگزین

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org




# نیند نہ آتی ہو تو فروٹ چاٹ کھائیں!

جس کو نیند نہ آنے کی شکایت ہو تو وہ شام کے وقت روزانہ فروٹ چاٹ کھائے، ان شاء اللہ نیند نہ آنے کی شکایت دور ہو جائے گی۔ (ر۔خیر پور)

facebook.com/ubqari

بے شمار لوگوں نے آزمایا آپ بھی آزمائیں اور پھر فائدے ضرور لکھیں تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے۔ contact@ubqari.org

(عبقری میگزین اپریل 2015ء صفحہ 15)

www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
youtube.com/UbqariTasbeehKhana

عبقری ®

# 10 منٹ کھلی فضا میں سانس لیں اور لاعلاج امراض سے نجات پائیں!

السلام علیکم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم! میں ماہنامہ ''عبقری'' بڑے شوق سے پڑھتا ہوں، میں عبقری کے قارئین کیلئے اپنا ایک آزمودہ ٹوٹکہ بھیج رہا ہوں جو کہ نہایت آسان ہے۔ جس کسی کے خون میں نقص رہتا ہو، خارش، پھوڑے، پھنسی، چہرے پر دانے، خون میں خرابی وغیرہ ہو اس کیلئے یہ ٹوٹکہ لاجواب ہے۔

ٹوٹکہ: زبان اوپر کے دانتوں کی تہہ میں لگا کر منہ بند کر کے ناک کے نتھنوں سے لمبا سانس لیں۔ سانس کچھ دیر اندر روکیں جب سانس ٹوٹنے لگے تو نتھنوں سے سانس تیزی سے خارج کر دیں۔ روزانہ کھلی فضا میں دس منٹ یہ عمل صبح و شام کریں۔ دس دن میں ہر طرح کے خون کی خرابی سے چھٹکارا مل جائے گا۔ مجھے یقین ہے کہ اگر لگاتار عمل کیا جائے تو جذام، کوڑھ اور خون کے کینسر کو بھی شکست دینا مشکل نہ ہوگا۔ (سانس خارج کرتے وقت زبان نیچے کے دانتوں کی تہہ میں لگا دیں منہ بند ہی رہیگا)۔ (ا،م)

بے شمار لوگوں نے آزمایا آپ بھی آزمائیں اور پھر فائدے ضرور لکھیں تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے۔

ماہنامہ عبقری میگزین
فروری 2008 صفحہ نمبر 8

facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
www.ubqari.org
contact@ubqari.org



# گنجے پن اور گرتے بالوں سے پریشان، ضرور پڑھیں!

بعض لوگوں کے بال بہت پتلے ہوتے ہیں اور سر کی جلد نظر آتی ہے ان کیلئے میرا پاس ایک نہایت آزمودہ ٹوٹکہ ہے جو میں عبقری قارئین کی نذر کر رہی ہوں اُمید ہے لوگ اس سے فائدہ اُٹھائیں گے۔

خالص سرسوں کا تیل ایک پاؤ اور بکرے کی تلی (قصاب سے کہہ کر لیں کہ پانی لگا ہوا نہ ہو)۔ اسٹین لیس سٹیل کے برتن میں سرسوں کا تیل ڈال کر اس میں تلی پکنے کیلئے رکھ دیں، آنچ درمیانی رکھیں۔ جب پک کر تلی کا سائز بہت چھوٹا ہو جائے تو اتار لیں، تلی نکال دیں اور تیل ٹھنڈا ہونے پر بوتل میں محفوظ کر لیں۔ روزانہ رات کو سونے سے پہلے بالوں میں اس تیل سے اچھی طرح مساج کریں اور صبح اُٹھ کر بال دھولیں، بال گھنے ہو جائیں گے، ان شاء اللہ۔ (م، ع)

(ماہنامہ عبقری میگزین جون 2008ء صفحہ نمبر 22)

بے شمار لوگوں نے آزمایا آپ بھی آزمائیں اور پھر فائدے ضرور لکھیں تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے۔


facebook.com/ubqari

contact@ubqari.org

عبقری®

twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# نزلہ وزکام کیلئے بہترین علاج!

نزلہ زکام، سینے کی تکلیف اور بلغم بننے کی بیماری میں میتھی دانہ کا استعمال ازحد مفید ہے۔ صبح وشام دو چائے کے چمچ ایک کپ پانی میں جوش دے کر شہد سے میٹھا کر کے پی لیں۔ مسلسل استعمال سے دائمی نزلہ بھی ختم ہو جاتا ہے۔ چھوٹے بچوں کو استعمال کرانے سے سارا بلغم نکل جاتا ہے۔ عبقری میگزین جولائی 2010 صفحہ نمبر 33

بے شمار لوگوں نے آزمایا آپ بھی آزمائیں اور تجربات ضرور لکھیں تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے۔ contact@ubqari.org

facebook.com/ubqari

www.ubqari.org

twitter.com/ubqari facebook.com/ubqari

youtube.com/UbqariTasbeehKhana

عبقری®



# چٹکی بھر کلونجی اور معدے کی جلن ختم



صبح نہار منہ اور رات سوتے وقت ایک چٹکی کلونجی پانی کے ساتھ لیں۔ چند دن، چند ہفتے، چند مہینے استعمال کریں، معدے کی جلن ختم ہو جائے گی۔

ماہنامہ عبقری میگزین نومبر 2015


عبقری

بے شمار لوگوں نے آزمایا آپ بھی آزمائیں اور پھر فائدے ضرور لکھیں تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے۔

facebook.com/ubqari

contact@ubqari.org

twitter.com/ubqari www.ubqari.org



# کلونجی کے کرشمات

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! میں نے آپ کی کتاب ''کلونجی کے کرشمات'' خریدی اور بہت شوق سے پڑھی اور ان میں موجود نسخوں میں سے اکثر بنائے اور استعمال کیے جن سے مجھے بہت فائدہ ہوا۔ ایک مرتبہ میں نے تیس گرام کلونجی لی اور ان کو بہت باریک کوٹ لیا۔ میں نے یہ سفوف صرف پانچ دن استعمال کیا۔ ان پانچ دنوں میں بہت تندرست رہا' میری سالوں کی سستی کاہلی دور ہوگئی' صبح کو جب میں اٹھتا تو بالکل فریش ہوتا' سارا دن بڑا خوشگوار گزرتا' اب یہ نسخہ میرے مستقل استعمال میں ہے جس سے میں ہمیشہ تندرست وتوانا رہتا ہوں۔ (س،م)

عبقری
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
www.ubqari.org




# بکرے کے پاؤں کی موچ کا آسان علاج

بکرے کے پاؤں پر موچ' ورم آجائے یا سوجن ہوجائے تو اس کے پاؤں پر کوئی موٹا کپڑا باندھ دیں۔ مٹکے کا رات والا باسی پانی صبح کے وقت متاثرہ جگہ پر پٹی کھول کر ڈالیں۔ تین چار دن یہ عمل کرنے سے اس کے پاؤں کی سوجن' موچ اور ورم دور ہوجائے گا۔ (ص، ا، جہلم)

بے شمار لوگوں نے آزمایا، آپ بھی آزمائیں اور پھر فائدے ضرور لکھیں تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے۔ contact@ubqari.org




# فٹنس کا شہنشاہ بننے کیلئے ناشپاتی کھائیں!

یہ نظام ہضم کی کارکردگی کو بڑھاتی ہے اور بلڈ پریشر کے ساتھ ساتھ موٹاپے کو بھی کم کرتی ہے۔ ناشپاتی کی شکل دل سے قدرے ملتی جلتی ہے شاید یہی وجہ ہے کہ اسے دل کو تقویت پہنچانے میں بھی مفید قرار دیا گیا ہے۔ مشرق و مغرب کے معالجین کی رائے کے مطابق ناشپاتی معدے، جگر اور دماغ کے لئے مفید ہے۔ اسے کھانے سے معدہ مضبوط ہوتا ہے، خون گاڑھا اور اعضاء کو تقویت ملتی ہے اور قوت ہاضمہ میں اضافہ ہوتا ہے۔ اکثر ماہرین کے مطابق ناشپاتی اپنی ٹھنڈی اور رس دار تاثیر کی بدولت دماغ کو تازگی پہنچانے کیلئے بھی مفید ہے۔ موسم گرما میں دھوپ کی شدت اور چلنے کے باعث اکثر اوقات دل میں گھبراہٹ کا احساس ہوتا ہے، ہاضمہ اکثر اوقات خراب رہتا ہے اور کبھی کبھی مثانے میں سوزش کا بھی احساس ہوتا ہے ان کیفیات میں بھی ناشپاتی کا استعمال موثر سمجھا جاتا ہے۔ دائمی قبض اور نظام ہاضمہ کی شکایت کرنے والے افراد کو بالعموم یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ سہ پہر تین بجے سے شام پانچ بجے کے درمیان ناشپاتی کاٹ کر لیموں اور ہلکا نمک لگا کر مزے دار چاٹ بنا کر کھائی جائے۔ اس چاٹ کے چند روز استعمال سے ہاضمہ کا نظام درست ہو جاتا ہے اس کے علاوہ مثانہ کی گرمی میں بھی یہ چاٹ مفید ثابت ہوتی ہے۔ مغربی ممالک میں جلد کو تروتازہ اور صحت مند رکھنے کیلئے ناشپاتی کو بہت زبردست ٹانک خیال کیا جاتا ہے۔ خشک اور روکھی پھیکی جلد کی حامل خواتین اسے خاص طور پر استعمال کرتی ہیں۔

عبقری میگزین اگست 2015 صفحہ 12
مکمل آرٹیکل دیئے گئے لنک پر پڑھیں

# نزلہ زکام صرف 3 چھوہاروں سے دور!

چھوہارہ بلغمی امراض کیلئے نہایت فائدہ مفید ہے۔ نزلہ زکام میں دو تین چھوہارے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرکے تھوڑے سے پانی میں بھگو دیں جب پھول جائیں تو بمعہ پانی دیگچی میں ڈال دیں اور اس میں ایک پاؤ کے قریب دودھ ڈال کر ہلکی آنچ پر رکھ دیں جب خوب عرق نکل آئے تو اتار لیں۔ نیم گرم ہونے پر چسکی چسکی پی لیں۔ (ن، ا، ایبٹ آباد) (عبقری میگزین نومبر 2010ء صفحہ 11)

بے شمار لوگوں نے آزمایا آپ بھی آزمائیں اور پھر فائدے ضرور لکھیں
تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ ہے۔ contact@ubqari.org



www.ubqari.org
twitter.com/ubqari facebook.com/ubqari
youtube.com/UbqariTasbeehKhana
facebook.com/ubqari

# اگر جانور کو موشن لگ جائیں تو۔۔۔!!!

اگر آپ قربانی کیلئے گھر میں بکرا، بچھڑا یا بھینس وغیرہ لائے ہیں اور اس کی خدمت کرتے ہوئے اسے کچھ الٹا سیدھا کھلا دیا جس کی وجہ سے اسے موشن لگ گئے ہیں تو زیادہ پریشانی کی بات نہیں آپ مکئی کا آٹا لائیں' گوندھ کر بارہ گھنٹے پڑا رہنے دیں۔ اس کے بعد بکرے کو آدھا مکئی کا پیڑا اور بچھڑا یا بھینس کو پورا پیڑا کھلا دیں۔ موشن ٹھیک ہو جائیں گے۔ اس کے علاوہ آپ ان جانوروں کو گڑ کا شربت پلا سکتے ہیں اس شربت کے پلانے سے بھی جانوروں کے موشن ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ آزمودہ ہے۔ (م، ر، ا ساہیوال)

بے شمار لوگوں نے آزمایا، آپ بھی آزمائیں اور پھر فائدے ضرور لکھیں تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے۔ contact@ubqari.org

عبقری

عبقری میگزین ستمبر 2016، صفحہ 22



facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari www.ubqari.org

Download Free Urdu Books, Urdu Islamic books, Urdu Novels and Urdu dictionaries free from Kutubistan.blogspot.com